© rasailojaraid.com



یہ مجموعہ سیرت نگاری کی روایت کے بارے میں قیمتی معلومات فراہم کرتا ہے اور قارئین کی معلومات میں اضافے کا ذریعہ بنتا ہے۔ (س م خ)

**جناب غلام احمد پرویز کی فکر کا علمی جائزہ**، مرتب: شکیل عثمانی۔ ناشر: نشریات، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۷۳۲۰۳۱۸۔ صفحات: ۱۷۶۔ قیمت: ۲۲۰ روپے۔

۲۰ ویں صدی میں سنت اور حدیث کے منکرین میں ایک نام غلام احمد پرویز صاحب کا بھی تھا، جنھیں قیامِ پاکستان کے بعد بالخصوص حاکم طبقوں کی سرپرستی بھی حاصل رہی۔ وہ دین کے مآخذ قرآن (حدیث، سنت اور پھر فقہ) پر تیشہ زنی کرتے ہوئے دین بے زار قوتوں کے ہاتھ مضبوط کرنے اور نئی نسل کے اذہان میں شک اور تذبذب کی فصل بونے میں حصّہ لیتے رہے۔

اس طرزِ فکر پر معاصر علما اور دانش وروں نے، بڑی مسکت اور مدلل گرفت کی۔ اس نوعیت کی منتخب تحریروں کا ایک مجموعہ شکیل عثمانی نے زیرنظر کتاب کی صورت میں مرتب کیا ہے۔ اگرچہ اس میں حوالہ تو جناب پرویز کا ہے، مگر میڈیا کی لہروں کے سہارے یہ فکر آج بھی بہ اندازِ دگر: تجدد اور روشن خیالی زہر نا کی پھیلا رہی ہے۔ ان حوالوں سے پرویز صاحب کو محض تاریخ کا موڑ سمجھ کر نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، بلکہ معاصر جدیدیت اور 'اسلام کی جدیدکاری' کے شائقین کی حرکتوں کا مفہوم بھی اس آئینے میں پڑھا دیکھا جاسکتا ہے۔

شکیل عثمانی نے اس مؤثر انتخاب کے لیے جن اہل فکرو دانش سے تحریریں مستعار لی ہیں، ان میں شامل ہیں: سیّد ابوالاعلیٰ مودودی، امین احسن اصلاحی، قمرعثمانی، ماہرالقادری، پروفیسر خورشید احمد، ڈاکٹر محمد دین قاسمی، خورشید ندیم، وارث میر۔ (س م خ)

**اسلامی معاشرے کی تعمیر میں خواتین کا حصّہ**، مولانا محمد یوسف اصلاحی۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز، ۲۳- راحت مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۷۲۲۵۰۳۰۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

مولانا محمد یوسف اصلاحی نے زیرتبصرہ کتاب میں اسلامی معاشرتی زندگی کی اہمیت، اسلامی تہذیب وتمدن کی بنیادوں کا ذکر کیا ہے، جن سے اخلاصِ عمل، فکرِ آخرت اور اسلامی معاشرت

© rasailojaraid.com